## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد انور خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکن محمد انور خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## 2008ء کے انتخابات میں متحدہ ملک بھر سے تاریخی کامیابی حاصل کرے گی، بابر غوری ریلی کے شرکاء سے خطاب

## متحدہ قومی موومنٹ نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے زیر اہتمام انتخابی ریلی نکالی گئی

کراچی۔۔۔10رفروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواران کی انتخابی مہم کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے زیر اہتمام عظیم الشان انتخابی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔انتخابی ریلی کی قیادت ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست سینیٹر بابر خان غوری ،نامزد حق پرست امیدواران حلقہ این اے 245 فرحت خان،پی ایس حلقہ 101 عبدالمعید اور حلقہ پی ایس 103 ڈاکٹر محمد علی شاہ کے علاوہ نارتھ ناظم سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران کررہے تھے۔ریلی میں ٹرک، بسیں ، کاریں اور سینکڑوں موٹر سائیکلوں پر سوار نارتھ ناظم سیکٹر کے مختلف یونٹوں ذمہ داران وکارکنان اور ہمدرد ووٹرز کے علاوہ خواتین نے بھی خصوصی طور پر ریلی میں حصہ لیا ۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اور ایم کیوایم کے پرچم تھامے ہوئے تھے جبکہ ریلی میں شامل ٹرک سے ایم کیوایم کی ریکارڈنگ کا سلسلہ جاری تھا۔انتخابی ریلی نارتھ ناظم آباد کے علاقے فائیو اسٹار چورنگی سے شروع ہوئی جو کے ڈی اے چورنگی،بورڈ آفس چورنگی سے گھومتی ہوئی سخی حسن،ناگن چورنگی سے ہوتی ہوئی فائیو اسٹار چورنگی پراختتام پذیر ہوئی،اس دوران ریلی کے شرکاء نے وقفے وقفے سے پیدل بھی سفر کیا اور عوام کے نعروں کا جواب دیا۔اس موقع پر نارتھ ناظم آباد کے حق پرست عوام نے ریلی کا پر جوش انداز میں خیر مقدم کیا اور جئے الطاف ، جئے متحدہ اور حق پرستوں کی فتح کے فلک شگاف نعرے لگائے جبکہ بعض مقامات پر عوام کی جانب سے ریلی کے شرکاء پر زبردست گل پاشی بھی کی گئی۔قبل ازیں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست سینیٹر بابر خان غوری نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ 2008ء الیکشن میں ملک بھر سے تاریخی فتح حاصل کرے گی۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا ووٹ بینک پہلے سے زیادہ مضبوط و مستحکم ہے اور آئندہ الیکشن ثابت کردینگے کہ ایم کیوایم ملک بھر کے مظلوموں کی متفقہ جماعت ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم انتخابی سرگرمیوں میں عوام گہری دلچسپی عوام کی جانب سے نامزد حق پرست امیدواران کی حمایت کی واضح دلیل ہے۔ریلی سے نامزد حق پرست امیدواران بھی مختصراً خطاب کیا اور کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پرامن جمہوری جماعت ہے جو جمہوریت پر یقین رکھتی ہے۔اس موقع پر عوام نے نامزد حق پرست امیدواروں کو اپنی حمایت کا یقین دلایا اور ایم کیوایم انتخابی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے ان کی تعریف کی۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب،شکیل عمر اور شاہد لطیف نے جلسہ گاہ کا دورہ کرکے تیاریوں کا جائزہ لیا

کراچی۔۔۔10رفروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام رنچھوڑ لائن، برنس روڈ،محمود آباد اور گلستان جوہر جلسہ عام کے سلسلے میں تیاریوں کا سلسلہ تیزی جاری ہے اور متعلقہ سیکٹرز اور یونٹوں کے کارکنان جلسہ گاہوں کی تیاریوں میں مصروف عمل ہے۔قبل ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب،شکیل عمر اور شاہد لطیف نے گلستان جوہر، برنس روڈ اور محمود آباد میں جلسہ گاہوں کا دورہ کرکے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے کراچی سخت سردی کے باوجود تیاریوں میں کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی اور تیاریوں میں حصہ لیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت پیر کو رنچھوڑ لائن، برنس روڈ، گلستان جوہر اور محمود آباد میں انتخابی جلسہ عام منعقد ہوں گے
## الطاف حسین انتخابی جلسوں سے بیک وقت فکر انگیز ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی ۔۔۔ 10 فروری 2008ء

الیکشن 2008ء کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام مورخہ 11 فروری بروز پیر کو کراچی میں چار مقامات پر انتخابی جلسہ عام منعقد ہوں گے جن سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے ۔ یہ انتخابی جلسہ عام برنس روڈ میں آرام باغ، گلستان جوہر میں جوہر چورنگی، محمود آباد میں منظور کالونی ڈبل روڈ نزد شالیمار بیکری اور بلوچ پارک رنچھوڑ لائن کے مقام پر شام 4 بجے منعقد ہوں گے ۔ ایم کیو ایم کے تحت ہونے والے انتخابی جلسوں میں لیاری، رنچھوڑ لائن، برنس روڈ، ڈیفنس، گلشن اقبال، اسکیم 33، گلستان جوہر، لائنز ایریا، محمود آباد، لیاری اور پی آئی بی کے علاقوں کے علاوہ مختلف قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شرکت کریں گے ۔ ایم کیو ایم کے انتخابی جلسہ عام کے سلسلے میں برنس روڈ، گلستان جوہر اور محمود آباد میں پتنگ میلوں اور انتخابی ریلیوں کا انعقاد کیا گیا ہے جن کے باعث کراچی کے مختلف علاقوں میں زبردست انتخابی سرگرمیاں دیکھنے میں آ رہی ہے اور شہریوں میں زبردست جوش و خروش پایا جاتا ہے ۔

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد انور کان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 10 فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکن محمد انور خان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔

## شاہ فیصل ٹاؤن کے سرائیکی نوجوانوں اور بزرگوں نے آئندہ انتخابات
## میں حق پرست امیدواران اقبال محمد علی اور نشاط محمد ضیاء کی حمایت کا اعلان کر دیا

کراچی ۔۔۔ 10 فروری 2008ء

شاہ فیصل ٹاؤن الفلاح کے علاقے سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں سرائیکی نوجوانوں اور بزرگوں نے آئندہ عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے 256 اقبال محمد قادری اور برائے پی ایس 120 نشاط محمد ضیاء کی حمایت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت الفلاح کے علاقے میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا جس میں حق پرست امیدواروں کے علاوہ ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی ۔ اجتماع میں سرائیکی نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ترقی و خوشحالی اور مظلوم عوام کی فلاح و بہبود کیلئے ایم کیو ایم کا کردار نا قابل فراموش ہے ۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدواران اقبال محمد قادری اور نشاط محمد ضیاء نے کہا کہ ایم کیو ایم مظلوم و محروم عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے اور آئندہ انتخابات میں ملک بھر کے عوام حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر نا انصافیوں اور محرومیوں کے فرسودہ نظام کے خلاف اپنے اتحاد کا ثبوت دیں گے ۔

## عوام جمہوریت کے تسلسل کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، خواجہ سہیل منصور، حنیف شیخ
## انتخابی مہم کے سلسلے میں کمہار واڑہ کمپاؤنڈ میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی ۔۔۔ 10 فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے 240 خواجہ سہیل منصور اور برائے پی ایس 91 حنیف شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی و خوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود سچی جمہوریت میں پنہاں ہے اور ملک بھر کے عوام کا فرض ہے کہ وہ جمہوریت کے تسلسل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں ۔ گزشتہ روز کمہار واڑہ کمپاؤنڈ میں بڑی انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابی عمل مکمل ہونے کے بعد ملک میں جمہوریت کو دوام ملے گا اور جمہوری ادارے مستحکم ہونگے ۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اسمبلیوں نے اپنی مدت پوری کی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ملک بھر کے عوام جمہوریت پسند ہیں ۔

## دہشت گردی کی کارروائیاں ملک کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## آل پاکستان میمن فیڈریشن اور بانٹوا میمن خدمت کمیٹی کے تحت منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔10فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور حق پرست امیدوار برائے این اے 249 ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ دنیا اپنے مما لک کو موجودہ ترقی یافتہ دور سے ہم آہنگ کر رہی ہے اور یہ پاکستان کی بدقسمتی ہے کہ 21 صدی میں وہ مذہبی انتہاء پسندی اور شدت پسندی کے عفریت کی لپیٹ میں ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز آل پاکستان میمن فیڈریشن کے تحت اللہ رکھا پارک کھارادر، بانٹوا میمن خدمت کمیٹی کے زیر اہتمام میٹھادر اور رامسوامی میں منعقدہ بری انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ کارنر میٹنگوں میں میمن کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر حق پرست امیدوار برائے پی ایس 110 شعیب ابراہیم اور امیدوار برائے پی ایس 111 محمد طاہر نے بھی خطاب کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال ہر طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو دعوت فکر دے رہی ہے اور ایسے موقع پر سیاسی و مذہبی جماعتوں کو اپنی مثبت کردار ادا کرنا چاہئے اور اپنے ذاتی مفادات کے بجائے قومی یکجہتی کو ترجیحی دینی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی اور قتل وغارتگری ملک کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہیں اور جو عناصر ان سازشوں میں ملوث ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔

## ایم کیو ایم اقرباء پروری کے بجائے میرٹ پر یقین رکھتی ہے، ڈاکٹر ندیم مقبول

## گلستان جوہر بلاک 17 ہارون رائل سٹی میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے حق پرست امیدوار کا خطاب

کراچی۔۔۔10فروری2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ 119 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار ڈاکٹر ندیم مقبول نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں گلستان جوہر بلاک 17 ہارون رائل سٹی میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کا صرف نعرہ نہیں لگاتی بلکہ ایم کیو ایم نے ہر انتخابات میں غریب ومتوسط طبقہ کے افراد کو نامزد کر کے منتخب کروایا ہے جبکہ دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں میں انتخابی ٹکٹوں کا نیلام گھر سجایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے اپنے عمل سے ثابت کردیا ہے کہ وہ اقرباء پروری کے بجائے میرٹ پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیو ایم ماہی گیروں سمیت تمام مظلوموں کے ساتھ ہے، کے ایس مجاہد بلوچ، شیخ فیروز

## جزیرہ بابا آئی لینڈ میں ماہی گیروں کے انتخابی جلسہ سے خطاب

کراچی۔۔۔10فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے 239 کے ایس مجاہد بلوچ اور برائے پی ایس 89 شیخ فیروز نے کہا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس نے پہلی مرتبہ کراچی کے قدیم جزیروں کے عوام کا دیرینہ مسئلہ حل کیا ہے اور ان علاقوں میں پانی کی سہولت فراہم کی۔ یہ بات انہوں نے جزیرہ بابا آئی لینڈ میں ماہی گیروں کی جانب سے منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر جزیرہ بابا آئی لینڈ کے ماہی گیروں نے حق پرست قیادت اور گورنر سندھ کی جانب سے جزائر میں مختلف پروجیکٹ شروع کرنے پر تشکر کا اظہار کیا ۔ انتخابی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کے ایس مجاہد بلوچ اور شیخ فیروز نے کہا کہ گزشتہ 60 برس سے کراچی کے جزیروں کی تعمیر وترقی کیلئے کسی سیاسی مذہبی و مذہبی جماعت نے اپنا کردار ادا نہیں کیا حتیٰ کہ ان جزائر کے مکینوں سے ووٹ لینے والوں نے پانی جیسے بنیادی مسئلہ کے حل کیلئے بھی کوئی کردار ادا نہیں کیا۔ انہوں نے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ بار بار آزمائے ہوئی جماعتوں کو آزمانے کے بجائے غریب عوام کی سچی ہمدرد ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواروں ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ ملک میں پیار، امن ومحبت اور بھائی چارے کی فضاء چاہتی ہے، ڈاکٹرصغیراحمد

## ڈائمنڈ سینٹر میں منعقدہ اسماعیلی برادری کی انتخابی کارنر میٹنگ سے حق پرست امیدوار کا خطاب

کراچی۔۔۔10، فروری 2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ 117 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں پیار، امن ومحبت اور بھائی چارے کی فضا قائم کرنا چاہتی ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے ڈائمنڈ سینٹر میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں اسماعیلی برادری سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور کواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس اور تعلیمات نے ملک کے عام آدمی کی سوچ بدل ہے اور اب انہیں اپنے جائز حقوق کا نہ صرف پورا احساس ہو چکا ہے بلکہ وہ ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہو کر اپنے حقوق کی جدوجہد بھی کر رہے ہیں ۔ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کا حصول حق پرست قیادت کے ذریعے ہی ممکن ہے کیونکہ ایم کیو ایم واحد سیاسی جماعت ہے جو اصولوں کی سیاست کرتی ہے اور اپنے جائز مئوقف سے کبھی پیچھے نہیں ہٹتی ۔

## جمعیت کے دہشت گردوں کی فائرنگ کا نوٹس لیا جائے، اے پی ایم ایس او

## انور عالم نے مقامی اسپتال میں زیر علاج زخمیوں کی عیادت کی

کراچی۔۔۔۔10فروری 2008ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے پریمیئر کالج میں اسلامی جمعیت طلبہ کے دہشت گردوں کی فائرنگ اور اے پی ایم ایس او کے کارکن ساجد اور ایک طالب علم حماد احمد کو زخمی کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ گزشتہ روز اسلامی جمعیت طلبہ کے 50 کے قریب مسلح دہشت گردوں نے اسلامی جمعیت طلبہ پریمئر کالج کے ناظم کلیم اور شائیل کی سربراہی میں مسلح حملہ کیا اور اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر فائرنگ کردی جس کے نتیجہ میں اے پی ایم ایس او کے کارکن ساجد اور ایک طالبعلم حماد احمد شدید زخمی ہو گئے ۔انہوں نے کہا کہ اسلامی جمعیت طلبہ کے دہشت گردوں نے اسی پر اکتفا نہیں بلکہ بلکہ کالج انتظامیہ اور اساتذہ کرام کو بھی ہراساں کیا اور انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں ۔انہوں نے کہا کہ اسلامی جمعیت طلبہ ایک مرتبہ پھر جماعت اسلامی کے اشارے پر پرامن تعلیمی ماحول کو سبوتاژ کرنے پر تلی ہوئی ہے لیکن پرامن طلباء جمعیت کے دہشت گردوں کی سازشوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے ۔اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اسلامی جمعیت طلبہ کے دہشت گردوں کی پریمیئر کالج میں فائرنگ، کھلی دہشت گردی اور غنڈہ گردی کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے ۔انہوں نے اے پی ایم ایس او کے کارکن ساجد اور طالب علم حماد احمد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے مقامی اسپتال کا دورہ کیا اور جمعیت کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے اے پی ایم ایس او کے کارکن ساجد اور طالب علم حماد احمد کی عیادت کی ۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے ۔انور عالم نے اسپتال کے عملے کو ہدایت کی کہ وہ زخمی طلباء کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر باقی نہ رکھیں ۔انہوں نے زخمی طلباء کی صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

## کوئی بھی مذہب ایک دوسرے کی گردن مارنے کا درس نہیں دیتا، محترمہ خوش بخت شجاعت

## جوئیلر سینٹر صدر کی رہائشی خواتین کے تحت منعقدہ میلادؐ کی محفل سے خطاب

کراچی۔۔۔۔10فروری 2008ء۔۔۔جوئیلر سینٹر صدر کی رہائشی خواتین نے گزشتہ روز جوئیلرز سینٹر پر خواتین کی روح پرور محفل میلادؐ کا انعقاد کیا جس میں حق پرست امیدوار برائے این اے 250 محترمہ خوش بخت شجاعت نے بھی شرکت کی ۔محفل میلادؐ میں خواتین نے بارگاہ رسالتؐ میں ہدیہ نعت پیش کیا اور سیرت النبیؐ پر روشنی ڈالی ۔محفل میلادؐ کی روح تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار محترمہ خوش بخت شجاعت نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے حضور اکرمؐ کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے اور کوئی بھی مذہب ایک دوسرے کی گردن مارنے کا درس نہیں دیتا لہٰذا تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو چاہئے کہ وہ مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کو فروغ دیں ۔اس موقع پر ملک وقوم کی ترقی و خوشحالی، عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی کامیابی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی ۔

## بھارت کے ممتاز سینئر و تجربہ کار صحافی سعید نقوی نے نائن زیرو کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔10فروری2008ء

پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے بھارت کے ممتاز سینئر صحافی اور تجزیہ نگار سعید نقوی نے اتوار کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے صدر دفتر نائن زیرو کا دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم،حق پرست امیدواران قومی وصوبائی اسمبلی شعیب بخاری، حیدر عباس رضوی اور فیصل سبزواری کے علاوہ سابق رکن سندھ اسمبلی عبدالقدوس اور ایم کیو ایم میڈیا کمیٹی کے انچارج سیف عباس حسنی بھی موجود تھے۔ملاقات میں پاک بھارت تعلقات، پاکستان کی سیاسی صورتحال اور آئندہ انتخابات اور اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کی تیاریوں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔بعدازاں انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی الیکشن سیل، ماس کمیونیکیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ اور میڈیا کمیٹی کے دفاتر کا دورہ کیا۔

## یو پی یونین کے مبصرین کے نمائندہ وفد کی پنجاب ہاؤس میں پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے ذمہ داران سے ملاقات

لاہور۔۔۔10فروری2008ء

یورپی یونین کے دورکنی نمائندہ وفد نے ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس کا دورہ کیا۔وفد میں Thomas Vlach اور Robert Bystricky شامل تھے۔اس موقع پر ایم کیو ایم پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین سید یٰسین آزاد، عنصر علی بڑ اور ڈاکٹر علی حسین چوہدری نے وفد کے ارکان سے پنجاب میں انتخابی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے ذمہ داران نے وفد کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں پنجاب میں ایم کیو ایم کی انتخابی سرگرمیوں اور پنجاب میں ایم کیو ایم کی عوامی مقبولیت کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کیخلاف جدوجہد کررہی ہے اور پنجاب میں بھی ایم کیو ایم کوانہی روایتی جاگیرداروں اور وڈیروں کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کی صوبائی اسمبلی کی 68 اور قومی اسمبلی کی 46 نشستوں پر ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدوار انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں اور ان تمام امیدواروں کاتعلق غریب ومتوسط طبقے سے ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ایم کیو ایم کی عوامی مقبولیت میں دن بدن اضافہ ہورہاہے اور ایم کیو ایم کا پیغام پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں تیزی سے پھیل رہاہے۔یورپی یونین کے وفد نے امید ظاہر کی کہ ایم کیو ایم اپنی پرامن جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔

## تنظیم نظم وضبط کی خلاف ورزی پر کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکنان شہزاد احمد اور نسیم کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔10فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیم نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بناء پر ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکنان شہزاد احمد ولد پیر بخش اور نسیم ولد قمر الدین کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کوئی تعلق نہ رکھیں۔

## لانڈھی محمد نگر کی ہزارہ، تنول، جانس اور بنوں برادریوں کے افراد کی جانب سے متحدہ کی حمایت کا اعلان

کراچی۔۔۔10فروری2008ء

لانڈھی کے علاقے محمد نگر کی ہزارہ وال، تنول، جانس اور بنّوں برادری کے سینکڑوں افراد نے متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کیا ہے اور اپنی برادریوں سے اپیل کی وہ آئندہ الیکشن میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کوووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔یہ اعلان ان برادریوں کے بزرگوں انور خان، یوسف خان، سیار خان، انتظار خان اور نور ولی نے محمد نگر میں ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت منعقدہ کارنر میٹنگ میں کیا۔اس موقع پر حق پرست امیدوار آصف حسنین اور سردار خان بھی موجود تھے۔مختلف برادریوں کے بزرگوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو بلاتفریق کراچی اور اس کے عوام کی بے لوث خدمت کررہی ہے۔اس موقع پر حق پرست امیدواروں حمایت کے اعلان پر ان برادریوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست نمائندے عوام کی بے لوث خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔

## داؤد چالی لانڈھی کی کالا باغ کی شیعہ برادری نے ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کی حمایت کردی

کراچی۔۔۔10فروری2008ء

داؤد چالی لانڈھی میں کالا باغ کی شیعہ برادری نے ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کیا اور اپنی پوری برادری سے اپیل ہے کہ وہ الیکشن 2008ء میں حق پرست امیدواروں کو ووٹ یکر کامیاب بنائیں۔ یہ اعلان شیعہ برادری کے بزرگوں نے داؤد چالی میں منعقدہ کارنر میٹنگ کے دوران کیا۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہر مسلک سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی نمائندہ جماعت ہے اور متحدہ سب کے جائز مسائل کے حل کیلئے کام کررہی ہے۔اس موقع پر حق پرست امیدواران نے شیعہ برادری کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انسانیت کی خدمت سے بڑھ کر کوئی عبادت نہیں اور متحدہ یہ عبادت کرتی رہے گی،ہم شیعہ برادری کی تمام جائز مسائل کے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کرینگے اور خدمت کو عبادت سمجھ کرانجام دے رہے ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ الیکشن میں متحدہ قومی موومنٹ کا ساتھ دیں اور حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ممتاز عالمِ دین مولانا تنویر الحق تھانوی نے ایم کیو ایم کی حمایت کا اعلان کردیا

## آزاد امیدوار لیاقت علی ایڈوکیٹ کو پی ایس 115 سے حق پرست میدوار کے حق میں دستبردار

## ملک بھر کے عوام حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیابی سے ہمکنار کریں

## مولانا تنویر الحق تھانوی کی حق پرست امیدواروں کے ہمراہ پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔10،فروری2008ء(اسٹاف رپورٹر)

ممتاز عالم دین مولانا علامہ تنویر الحق تھانوی نے اپنے آزاد امیدوار لیاقت علی ایڈوکیٹ کو پی ایس 115 سے حق پرست امیدوار محمد رضا ہارون کے حق میں دستبردار کرنے اور کراچی اور سندھ سمیت ملک بھر میں حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیابی سے ہمکنار کریں۔ یہ اعلان انہوں نے اتوار کی سہ پہر مسجد مولانا احتشام الحق تھانوی جیکب لائن کے احاطے میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست امیدوار برائے این اے 251 وسیم اختر،حق پرست امیدوار برائے پی ایس 115 رضا ہارون کے علاوہ مولانا تنویر الحق کے صاحبزادے مولانا تفسیر الحق تھانوی بھی موجود تھے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا احترام الحق تھانوی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست قیادت خاص طور پر ناظم کراچی مصطفیٰ کمال نے شہر کی تعمیر و ترقی کیلئے بہت کام کیا ہے جو سب کو نظر آرہا ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار وسیم اختر نے لیاقت علی ایڈوکیٹ کی دستبرداری کے اعلان کا خیر مقدم کیا اور اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کا شکریہ ادا کیا۔رضا ہارون نے کہا کہ مولانا تنویر الحق تھانوی اور ان کے والد گرامی مولانا احتشام الحق تھانوی کی دینی اور قومی خدمات سب کے سامنے عیاں ہیں۔حق پرست امیدوار کے حق میں دستبردار ہونے والے آزاد امیدوار لیاقت علی ایڈوکیٹ نے کہا کہ زبان اور صوبائیت سے بالاتر ہوکر ملک کو بچانے اور مستحکم کرنے کی ضرورت ہے اور میں رضا ہارون کے حق میں دستبردار ہونے کا اعلان کرتا ہوں۔

☆☆☆☆☆